© rasailojaraid.com

# اخبار الجامعۃ والجماعۃ

## جامعہ علوم اثریہ کا اعزاز

حسب سابق امسال بھی الحمدللہ جامعہ کے دوطلبہ کا مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ ہوا ہے۔ان میں سے ایک رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب کے داماد حافظ عبدالغفور اور دوسرے حافظ محمد عبداللہ جن کا تعلق پشاور سے ہے۔اللہ تعالیٰ ان کے علم وعمل میں اضافہ فرمائے۔(امین)

## گوجرانوالہ میں انعامی تقریری مقابلہ اور طلباء جامعہ علوم اثریہ کی شرکت

15 مئی بروز اتوار مرکزی جمعیت اہل حدیث گوجرانوالہ کے شعبہ خدمت خلق کے زیر اہتمام مدرسہ تعلیم القرآن رحمانیہ فاروق گنج (گوجرانوالہ) میں انعامی تقریری مقابلہ ہوا۔جس کی صدارت شیخ الحدیث مولانا محمد اعظم نے فرمائی۔تقریری مقابلے کا عنوان ''نبی اکرم ﷺ بحیثیت داعی امن'' تھا۔اس میں 14 مدارس کے طلباء نے حصہ لیا۔جامعہ اثریہ کے طلباء عبدالمحسن العباد بن مولانا محمد اکرم جمیل اور نوید امجد نے حصہ لیا۔طالب علم عبدالمحسن العباد نے چوتھی پوزیشن حاصل کی۔مقابلہ میں حصہ لینے والوں میں علامہ عبدالعزیز حنیف ناظم اعلیٰ مرکزیہ نے انعامات تقسیم کئے۔

## صاحبزادہ بابر فاروق رحیمی چیف آرگنائزر ASF پاکستان کا دورہ جہلم

مورخہ 20 مئی کو صاحبزادہ بابر فاروق رحیمی صدر متحدہ طلباء محاذ پاکستان و چیف آرگنائزر اہل حدیث سٹوڈینٹس فیڈریشن پاکستان نے جہلم شہر کا دورہ کیا۔انہوں نے جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔بعد از نماز عصر ضلعی دفتر ASF چوک اہل حدیث میں منعقدہ اجلاس کارکنان اہل حدیث سٹوڈینٹس فیڈریشن جہلم کی صدارت کی ان کے ہمراہ صاحبزادہ سعد مدنی صدر ASF ضلع جہلم و جنرل سیکرٹری ASF صوبہ پنجاب بھی تھے جس میں انہوں نے تنظیمی امور پر تبادلہ خیال کیا اجلاس کے اختتام پر صاحبزادہ بابر فاروق رحیمی نے ایک پر ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔انہوں نے آغا خان تعلیمی بورڈ کے مذموم اور گمراہ کن عزائم سے آگاہ کیا۔بعد ازاں صحافیوں کے سوالات کے جوابات دیئے۔



© rasailojaraid.com